کتاب نما

بہترین انسان، مؤلف: ظفر اللہ خان۔ ناشر: ایمل مطبوعات، ۱۲-دوسری منزل، مجاہد پلازا، بلیوایریا، اسلام آباد۔فون: ۰۳۴۲-۵۵۴۸۶۹۰۔صفحات: ۱۹۰۔ قیمت: ۴۵۰ روپے

مؤلف جو بیرسٹر ہیں، اسلام، قانون اور حقوقِ انسانی پر کئی کتب کے مصنف ہیں، کتاب کی وجہ تالیف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''پیشِ نظر کتاب میں اسلامی تہذیب کے بنیادی اصولوں اور آداب کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اسوۂ رسولؐ کے زندہ جاوید آثار کی رہنمائی میں حُسنِ اخلاق سکھلانے والا یہ مجموعہ مرتب کیا گیا ہے جس میں انسانی زندگی کے بہت سے پہلوؤں سے متعلق اسلامی آداب پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے''۔(ابتدائیہ)

کتاب میں اختصار کے ساتھ مختلف موضوعات اور ابواب کے تحت احادیث کا انتخاب پیش کیا گیا ہے۔ انداز ایسا ہے کہ دورانِ مطالعہ قاری کو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے وہ صحبتِ رسولؐ میں موجود ہو اور براہِ راست آپؐ کی ہدایات سے فیض یاب ہو رہا ہو۔ کچھ عنوانات: 'خندہ پیشانی حُسنِ اخلاق ہے'، 'تم آسانیاں پیدا کرنے کے لیے بھیجے گئے ہو'، 'اللہ سے عزت لینے کا آسان طریقہ'، 'مزاح سنت ہے'، 'غیبت بدبودار ہے'، 'بدگمانی سب سے بڑا جھوٹ ہے'، 'ایثار شرف کا ثبوت ہے'۔ آخری باب: 'دعوت انبیاؑ کا راستہ ہے' اس پہلو کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ اخلاقی تعلیمات پر نہ صرف خود عمل کرنا ہے بلکہ اسلامی تہذیب و معاشرت کے فروغ کے لیے دوسروں کو دعوت بھی دینا ہے۔ ہر نبیؑ کی طرح رسولِ کریمؐ کے اسوہ کا یہ نمایاں ترین پہلو ہے۔

کتاب کی ایک اور خصوصیت اختصار و جامعیت ہے۔ وقت کی کمیابی سے دوچار افراد بھی مختصر وقت میں اخلاقی تعلیمات اور عملی رہنمائی حاصل کرسکتے ہیں۔ طباعت کا معیار 'بہترین' ہے۔(امجد عباسی)